**CCE PF**
**CCE PR**

# Code No. 66-U

# Subject : Third Language - URDU

**( New Syllabus )**

**( Private Fresh + Private Repeater )**

عام ہدایات :

(i سوال مع جواب کے کتابچہ میں معروضی اور موضوعی قسم کے جملہ 54 سوالات ہیں۔

(ii ہر معروضی قسم کے سوال کے لئے جگہ مہیا کی گئی ہے۔آپکو صحیح جواب چُننا ہے اور مکمل جواب اسکے حرف تہجی کے ساتھ مہیا کی گئی جگہ میں لکھنا ہے۔

(iii ہر موضوعی قسم کے سوال کے لئے کافی جگہ مہیا کی گئی ہے۔آپکو سوالوں کے جواب اسی جگہ میں لکھنا ہے۔

(iv معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔

(v پنسل سے جواب نہ لکھیں۔پنسل سے لکھے ہوئے جوابات کی جانچ نہیں کی جائے گی۔

(vi کثیر انتخابی (Multiple choice) اور مناسب جوڑ لگانا کے سوالوں کی حالت میں جوابات کو کُھر چنے / دوبارہ لکھنے / نشان لگانے کی اجازت نہیں ہے، ایسا کرنے سے آپکا جواب جانچ کے لئے نااہل سمجھا جائیگا۔

(vii درست اِملا اور خوشخطی کا خاص خیال رکھیں۔

(viii سوالی پرچہ پڑھنے کے لئے '15' منٹ کا وقت الگ سے دیا جائیگا۔

(ix بائیں جانب کے حاشئے میں مہیا کردہ جگہ میں کچھ نہ لکھیں۔



www.careerindia.com

CAREERINDIA



## PART-A/حصّہ -الف

درج ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے : 12 × 1 = 12

.1 ''معراج'' کا مطلب کیا ہے ؟

.2 ضلع کلبرگی کی کسی ایک اہم ندی کا نام لکھئے۔

.3 کونسی خواہش چاند کو دن رات پھراتی ہے ؟

.4 سید احمد شاکؔر کے مطابق کونسی باتیں ہمیں بدنام کرتی ہیں ؟

.5 کس شاعر کو ''استادِ سخن'' کہا جاتا ہے ؟

.6 مُلّا نصیرالدین کی بیوی نے گھر کی ساکھ کو بچانے کے لئے کیا کیا ؟

.7 مولانا محمد علی جوہؔر کب اور کہاں پیدا ہوئے ؟

.8 پروفیسر راہؔی کا اصل نام کیا تھا ؟

.9 کسان کی نظر میں چھوٹا کون اور بڑا کون ہے ؟

.10 عطؔا کلیانوی کے نزدیک ماحول ناساز کیوں ہے ؟

.11 کلبرگی میں ''لِنگا یتوں'' کی اہم زیارت گاہ کونسی ہے ؟

.12 پانی صاف کرنے کے آلہ جات میں کونسے ''نانو ذرّات'' استعمال کئے جاتے ہیں ؟

نیچے دیۓ گئے سوالات کے جوابات دو تین جملوں میں لکھئے : 13 × 2 = 26

.13 ریاستِ میسورو کی تشکیل کب اور کس بنیاد پر ہوئی ؟

.14 ''سالِ کبیسہ'' (Leap year) سے کیا مُراد ہے ؟

.15 علامہ اقبالؔ نے چاند کی تعریف کس طرح کی ہے ؟

.16 ''پیغامِ یکجہتی'' کے حوالے سے بتایئے ہمیں جذبات کے دھارے میں کیوں نہیں بہنا چاہیئے ؟



www.careerindia.com

CAREERINDIA



17. کوئی سستی شئے انمول کب اور کیسے بنتی ہے ؟

18. مولانا محمد علی جوہرؔ کا سِول سرویس امتحان میں ناکام ہونا کس لئے بہتر ثابت ہوا ؟

19. پروفیسر راہیؔ کا حُلیہ بیان کیجئے ؟

20. کسان اپنے آپ کو چڑھتا سورج کیوں کہہ رہا ہے ؟

21. ساغرؔ کرناٹکی نے دوہے میں خودغرضی کا کیا حال بتایا ہے ؟

22. اکبرؔ الہ آبادی کو کس بات کی پرواہ نہ رہی اور کس بات کا لالچ نہ رہا ؟

23. شعروشاعری کے علاوہ 'عمر خیام' کی شہرت کس حیثیت سے ہوئی ؟

24. ''خاکہ نگاری'' کسے کہتے ہیں ؟

25. غیر مستقل کلمہ کی چار قسمیں کونسی ہیں ؟

درج ذیل سوالات کے جوابات تین چار جملوں میں تحریر کیجئے : 8 × 3 = 24

بحوالۂ متن تشریح کیجئے :

26. ''کمرہ اتنا چھوٹا ہے کہ اس میں کسی خواب کے داخل ہونے کی گنجائش ہی نہیں ہے۔''

27. ''کوئی دن، کوئی گھڑی، ازخود نجس نہیں ہوتی۔ ہمارے اعمال اسے اچھا یا بُرا بناتے ہیں۔''

28. ''ارے بے وقوفو! میں پچھلے دروازے سے بھی تو باہر جا سکتا تھا۔''

درج ذیل اشعار کی تشریح اپنے الفاظ میں لکھئے :

29. یہ پھول مجھے کوئی وراثت میں ملے ہیں
تم نے مرا کانٹوں بھرا بستر نہیں دیکھا

30. ہماری طرف اب وہ کم دیکھتے ہیں
وہ نظریں نہیں، جن کو ہم دیکھتے ہیں

www.careerindia.com

CAREERINDIA



31. سدا ہم تو کھوئے گئے سے رہے
کبھو آپ میں تم نے پایا ہمیں

32. درج ذیل سے کسی ایک نثر نگار کا تعارف اپنے الفاظ میں لکھئے :

(i) کرشن چندر (ii) ڈاکٹر وحید انجم

33. درج ذیل سے کسی ایک شاعر کا تعارف لکھئے :

(i) مولانا الطاف حسین حاؔلی (ii) مولانا ابوالبیان حماؔد

درج ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے : 2 × 4 = 8

34. حضرت عائشہؓ کا حُجرہ کیسا تھا ؟

**یا**

''چاند اور شاعر'' نظم کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے۔

35. مولانا حاؔلی کی ''حمد'' یا مولانا ابوالبیان حماؔد کی ''نعت'' کے ابتدائی چار اشعار زبانی لکھئے۔

## PART-B/حصّہ - ب

درج ذیل جملہ مکمل یا نامکمل کے چار جوابات دیئے گئے ہیں سب سے زیادہ صحیح جواب منتخب کر کے مہیا کی گئی جگہ پر لکھئے : 15 × 1 = 15

36. وہ جملہ جو دو یا دو سے زیادہ مفرد جملوں سے مل کر بنا ہو، کہلاتا ہے

A) مفرد جملہ B) مرکب جملہ

C) جملۂ فعلیہ D) جملۂ خبریہ

37. ''قدیم'' کی ضد ہے

A) قدامت B) جدّت

C) خادم D) جدید



www.careerindia.com

CAREERINDIA



38. ''جسم'' کی جمع ہے

A) اجسام　　B) اجرام

C) جسامت　　D) مجسم

39. ''اربیہ نے کھانا کھایا'' اِس جملے میں علامتِ فاعل ہے

A) اربیہ　　B) نے

C) کھانا　　D) اختتام

40. ''مضمون'' کا پہلا حصّہ ہے

A) نفسِ مضمون　　B) افتتاح

C) تمہید　　D) اختتام

41. ''مال ہڑپ لینا'' کے معنوں میں استعمال ہونے والا محاورہ ہے

A) ہاتھ صاف کرنا　　B) کپڑے صاف کرنا

C) منہ صاف کرنا　　D) دانت صاف کرنا

42. غزل کے سب سے اچھے شعر کو کہتے ہیں

A) مطلع　　B) مقطع

C) مصرع　　D) بیت الغزل

43. ''فیضان اچھا لڑکا ہے'' اس جملے میں ''مسندالیہ'' ہے

A) فیضان　　B) اچھا

C) لڑکا　　D) ہے

44. ''سابقے'' سے بننے والا مرکب لفظ ہے

A) دردمند　　B) اردوداں

C) صاحبِ قلم　　D) یادگار

www.careerindia.com

CAREERINDIA



45. ''رباعی'' میں مصرعوں کی تعداد ہوتی ہے

A) دو B) چار

C) چھ D) آٹھ

46. ''شش و پنج'' کے معنے ہیں

A) خوشی B) غم

C) تعجب D) کشمکش

47. قواعد کے اعتبار سے اِن میں ''واحد'' لفظ ہے

A) اوقات B) الفاظ

C) تفصیل D) نقشہ جات

48. کسرت = ورزش : : کثرت = ؟

A) آرام B) کم

C) زیادہ D) محنت

49. ''پانی سر سے اونچا ہونا'' اس محاورہ کے معنے ہیں

A) بہت بارش ہونا B) حالات قابو سے باہر ہونا

C) قرض دار ہونا D) خوب سیر ہوکر کھانا

50. ''ہم قافیہ الفاظ'' کی صحیح جوڑی ہے

A) عالم، جاہل B) دھوبی، دھوبن

C) جسم، اجسام D) چھاؤں، گاؤں



www.careerindia.com

CAREERINDIA



## PART-C/حصّہ-ج

51. درج ذیل انگریزی جملوں کا آسان اُردو زبان میں ترجمہ کیجئے :    3 × 1 = 3

i) Flower is the beautiful part of the plant

ii) Insects were attracted by the flower

iii) Fruits and seeds are produced from the flower

52. اپنے دوست/سہیلی کے نام ایک خط لکھئے جس میں اُن کے امتحان میں کامیابی پر مُبارک باد پیش کی گئی ہو۔

1 × 4 = 4

یا

اپنی اسکول کے میر مدرس کے نام ایک خط لکھئے جس میں مناسب وجہ بتاتے ہوئے تین دن کی چُھٹی طلب کی گئی ہو۔

53. کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے :    1 × 4 = 4

(i) جنگلات کے فائدے

(ii) میرا پسندیدہ کھیل

درج ذیل عبارت کو بغور پڑھ کر نیچے لکھے ہوئے سوالات کے مختصر جوابات لکھئے :    4 × 1 = 4

54. کسی جاندار کی بقا کے لئے اُس کا ماحول بڑی اہمیت رکھتا ہے۔ جاندار اپنے ماحول سے اپنی بنیادی ضرورتوں کو پوری کرتے ہیں۔ ماحول میں اگر بگاڑ پیدا ہو جائے تو اُس کا راست اثر جانداروں کی صحت پر پڑتا ہے۔ ماحول کی آلودگی سے جاندار بیمار پڑ جاتے ہیں۔ حقیقی معنوں میں انسان ہی ماحول کی آلودگی کا ذمہ دار ہے۔ ترقی کے نام پر آئے دن کئی کارخانے وجود میں آرہے ہیں۔ موٹر گاڑیوں کا استعمال کثرت سے ہو رہا ہے۔ اِن سے خارج ہونے والا دھواں ہوا کی آلودگی کا سبب بن رہا ہے۔

i) جاندار کی بقا کے لئے کیا ضروری ہے ؟

ii) جاندار اپنے ماحول سے کیا حاصل کرتے ہیں ؟

iii) ہوا کی آلودگی کا اہم سبب کیا ہے ؟

iv) ماحول کی آلودگی کا ذمہ دار کون ہے ؟



www.careerindia.com

www.careerindia.com

CAREERINDIA



www.careerindia.com